# 4th Foreign Office Consultations between India and Uruguay

November 30, 2021

## ہندوستان اور یوراگوئے کے درمیان دفتر خارجہ سے متعلق چوتھی مشاورت

30 نومبر، 2021

ہندوستان اور یوراگوئے کے درمیان دفتر خارجہ سے متعلق چوتھی مشاورت 29 نومبر 2021 کو مونٹیویڈیو میں ہوئی۔ وزارت خارجہ میں سکریٹری (مشرق) محترمہ ریوا گنگولی داس نے ہندوستانی وفد کی قیادت کی، جبکہ یوروگوئے کے فریق کی قیادت یوراگوئے حکومت میں نائب وزیر برائے خارجہ امور محترمہ کیرولینا اچے بٹلے نے کی۔

2۔ جاری دوطرفہ تعاون کا جائزہ لیتے ہوئے، دونوں فریقین نے تجارت اور سرمایہ کاری کو مضبوط بنانے اور فروغ دینے، دواسازی کی مصنوعات تک رسائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون اور عوام سے عوام کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے اقدامات کی نشاندہی کی۔

3۔ کووڈ وبائی مرض کے خلاف رسپانس اور ویکسین اور ادویات تک رسائی اور کووڈ سرٹیفکیٹس کی باہمی شناخت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

4۔ دونوں اطراف نے مختلف علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کثیر الجہتی اور علاقائی فورم پر ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

5۔ یہ مشاورت دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئی تھی۔ دونوں فریقین نے اگلی مشاورت نئی دہلی میں باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

**مونٹیویڈیو**

**29 نومبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.